سنگل آئیر فیملی فاؤنڈیشن (ایس آئی ایف ایف)

کی پیشکش

شبدوں کے اجالے: کچھ کوی اور ان کی کویتائیں

زیرِ انتظام

انڈیا فاؤنڈیشن فار دی آرٹس (آئی۔ ایف۔ اے)

شاعر: اجنتا دیو، دیوی پرساد مشرا، خلیل مامون اور سنجے چترویدی

نظامت: اجے کمار سنگھ اور اشوک پانڈے

November 19-20, 2022 سیمینار ہالس -1 اور 2-

بنگلور انٹرنیشنل سینٹر (بی آئی سی)

ایس آئی ایف ایف اور **آئی۔ ایف۔ اے** آپ کے لئے ہندی اور اردو شاعری کے اثاثے کا جشن منانے کے لئے دو دن کے میلے کا انعقاد کر رہا ہے۔ شہر میں شاعری کے لئے مواقع فراہم کرنا، شاعروں کو ہندوستان بھر سے مدعو کرنا، انکی دنیا کے الفاظ، آہنگ، پیکر تراشی اور تخیلات کو تلاش کرنا میلے کے مقاصد ہیں۔

میلے کا شیڈیول:

پہلا دن: کویتا کی شام

Saturday, November 19, 2022 | 06.30 PM – 08:00 PM

شاعری کیوں اہم ہے؟ اس کی کیا قوت ہے؟ آپ ہمارے ساتھ ایک ایسی شام میں شرکت کریں جس میں دو ناظم اجے کمار سنگھ اور اشوک پانڈے کے ساتھ چار شعرا اجنتا، دیوی پرساد، خلیل اور سنجے اپنی کچھ تخلیقات پیش کریں گے، اسی

دوران وہ گفتگو بھی کریں گے کہ ان کے نزدیک شاعری کا کیا مفہوم ہے۔ یہ تاریکی میں کیسے روشنی دکھاتی ہے اور ہماری انفرادی اور عمومی زندگی پر کیا اثرات قائم کرتی ہے۔

دوسرا دن: کوی سے گفتگو

Sunday, November 20, 2022 | 11:00 AM – 04:30 PM

چار مربوط اجلاسوں میں سے ہر ایک میں دو ناظم کے ساتھ شعراء اپنے تخلیقی سفر کی رفتار، تخلیقات کے انکشافات، ان کے طریقہ عمل، اثرات، مشغولیات اور امنگوں پر روشنی ڈالیں گے۔

11:00 AM – 12:00 Noon

دیوی پرساد مشرا کی اجے کمار سنگھ کے ساتھ گفتگو

12:00 Noon – 01:00 PM

اجنتا دیو کی اشوک پانڈے سے گفتگو

02:30 PM – 03:30 PM

خلیل مامون کی اجے کمار سنگھ کے ساتھ گفتگو

03:30 PM – 04:30 PM

سنجے چترویدی کی اشوک پانڈے کے ساتھ گفتگو

شعراء اور ناظموں کے بارے میں:

اجنتا دیوجے پور میں مقیم مصنفہ اور شاعرہ ہیں اور آپ ہندوستانی کلاسیکل موسیقی اور کتھک کی تربیت یافتہ ہیں۔ آپ چالیس سالوں سے ہندی ادب سے وابستہ ہیں اور آپ کی چار مجموعہ کلام اور ایک ناول شائع ہو کر منظر عام پر آچکے ہیں۔

دیوی پرساد مشرا ایک شاعر، قصہ گو اور فلم ساز ہیں، آپ چالیس برسوں سے ہندی شاعری میں تخلیق کر رہے ہیں اور دو مجموعے کلام شائع کر چکے ہیں۔ اس کے علاوہ پی ایس بی ٹی کے اشتراک سے دو دستاویزی فلمیں بنا چکے ہیں۔

آپ بھارت بھوشن اسمرتی سمان، سنسکرتی سمان اور شرد بلور سمان سے نوازے جا چکے ہیں۔

خلیل مامون (خلیل الرحمن) ایک اردو شاعر ہیں۔ آپ کے آٹھ شعری مجموعے شائع ہو چکے ہیں۔ آپ کو کرناٹک اردو اکادمی سے لائف ٹائم اچیومنٹ ایوارڈ، کارناٹک راجیہ اتسو ایوارڈ، کرناٹک مہانگرپالیکا ایوارڈ اور ساہتیہ اکادمی ایوارڈ سے نوازہ جا چکا ہے۔

ڈاکٹر سنجے چترویدی ایک شاعر اور ڈاکٹر ہیں۔ آپ 1978 سے ہندی میں شاعری کر رہے ہیں، آپ کی 14 تخلیقات اور کئی ہندوستانی اور غیر ملکی زبانوں میں شاعری کے ترجمے شائع ہو چکے ہیں۔ آپ کو بھارت بھوشن اور فراق ایوارڈ سے نوازا جا چکا ہے۔

ڈاکٹر اجے کمار سنگھ نے ہندی میں پی ایچ ڈی اور ڈی لٹ کی ڈگری حاصل کی ہے۔ آپ (کرناٹک کیڈر) کے 1974 بیچ کے ایک آئی پی ایس افسر ہیں۔ ڈاکٹر سنگھ

نے تین دہائیوں تک مختلف عہدوں کی ذمیداریوں کو نبھایا اور صوبہ کرناٹک سے بحیثیت محکمۂ پولیس کے سربراہ کی نوکری سے سبکدوش ہوئے۔ آپ کے دو شعری مجموعے ہیں اور آپ کئی کنڑ شاعروں کے کلام کا ترجمہ ہندی میں کر چکے ہیں۔

اشوک پانڈے ایک مصنف، سیاح اور مترجم ہیں۔ آپ کا ایک شعری مجموعہ، کئی سفرنامے اور مقبول تخلیقات کے تراجم انگریزی سے ہندی اور ہندی سے انگریزی میں شائع ہو چکے ہیں جس میں چند سے ہیں اروِنگ سٹون کی لسٹ فار لائف (Lust for Life by Irving stone)، لورا ایسقیول کی لائک واٹر فار چاکلیٹ (Like Water for Chocolate by Laura Esquivel) کے علاوہ پابلو نرودا، روبرٹو جواروز، فرنانڈو پیسوا، یہودا امیچی کی نظموں کا ترجمہ کیا ہے

شبدوں کے اجالے کو ایس ائی ایف ایف کا مالی تعاون حاصل ہے۔ جو کہ ایک غیر منافع بخش ادارہ ہے جو تعلیم، صاف ستھرے ماحول اور ہندوستانی موسیقی اور فنون سے محبت کو فروغ دینے کے مقصد کے لئے قائم کیا گیا ہے۔